ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

چار روزہ میچوں میں نوجوان کھلاڑیوں کی کارکردگی سے خوش ہوں، ون ڈے سیریز جیتنی چاہیے تھی۔ اعزاز چیمہ

ہرارے، 28 مئی 2023:

زمبابوے کا دورہ کرنے والی پاکستان شاہینز کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ اعزاز چیمہ کا کہنا ہے کہ وہ اس دورے میں اپنے نوجوان کرکٹرز کی کارکردگی پر فخر محسوس کرتے ہیں جنہوں نے دونوں چار روزہ میچوں میں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا جن میں عمیر بن یوسف ۔ محمد حریرہ اور مہران ممتاز قابل ذکر رہے۔

اعزاز چیمہ نے کہا کہ انہیں ون ڈے سیریز میں ٹیم کی کارکردگی پر مایوسی ہوئی ہے جس میں پاکستان شاہینز کو چھ میچوں کی سیریز میں چار دو سے شکست ہوئی۔ ان کا کہنا ہے کہ اس ون ڈے سیریز میں ٹیم اپنی صلاحیتوں کے مطابق کارکردگی نہیں دکھاسکی اور ملنے والے مواقعوں سے فائدہ نہیں اٹھاسکی۔ اگر ہم ان مواقعوں سے فائدہ اٹھالیتے تو نتیجہ مختلف ہوسکتا تھا۔

اعزاز چیمہ کا کہنا ہے کہ اس دورے میں کھلاڑیوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا اور غلطیوں کو درست کرنے کی کوشش کی جائے گی تاکہ کارکردگی میں بہتری لائے جاسکے۔

ٹیم کے ہیڈ کوچ کا کہنا ہے کہ جہاں تک بیٹنگ کا تعلق ہے تو عمیر بن یوسف مبصر خان اور قاسم اکرم نمایاں رہے اور انہوں نے اپنے روشن مستقبل کا پتہ دے دیا ہے۔

اعزاز چیمہ کا کہنا ہے کہ زمبابوے کے دورے سے ہمارے نوجوان کھلاڑیوں کو کافی سیکھنے کو ملا ہے اور انہوں نے جو تجربہ حاصل کیا ہے کہ وہ انہیں مستقبل میں کامیابی سے ہمکنار کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔ پاکستان شاہینز باصلاحیت کرکٹرز کو صلاحیتوں کو نکھارنے میں اپنا کردار ادا کرتی رہے گی تاکہ یہ ٹیلنٹ قومی ٹیم میں منتقل ہوسکے۔

کھلاڑیوں کی انفرادی کارکردگی۔

پاکستان شاہینز نے اس دورے میں دو فرسٹ کلاس میچز کھیلے اور دونوں جیتے۔ پہلا میچ اس نے زمبابوے اے کے خلاف آٹھ وکٹوں سے جیتا۔ اس میچ کی خاص بات عمیر بن یوسف اور محمد حریرہ کی شاندار سنچریاں اور لیفٹ آرم اسپنر مہران ممتاز کی گیارہ وکٹوں کی شاندار کارکردگی تھی۔

ان دونوں چار روزہ میچوں میں عمیر بن یوسف 348 رنز کے ساتھ نمایاں رہے جس میں 250 رنز ناٹ آوٹ کی اننگز قابل ذکر تھی۔ ان کے علاوہ محمد حریرہ نے مجموعی طور پر 242 رنز بنائے۔ بولنگ میں مہران ممتاز پندرہ اور محمد علی گیارہ وکٹوں کے ساتھ نمایاں رہے۔

پاکستان شاہینز نے زمبابوے کی جس ٹیم کے خلاف ون ڈے سیریز کھیلی اس میں ان کے سینئر کرکٹرز شامل تھے اور میزبان ٹیم نے اس سیریز کو آئی سی سی ورلڈکپ کوالیفائر کی تیاری کے طور پر استعمال کیا جو زمبابوے ہی میں اٹھارہ جون سے نو جولائی تک کھیلا جائے گا۔

اگرچہ یہ سیریز زمبابوے سلیکٹ نے چار دو سے جیتی لیکن پاکستان شاہینز کی طرف سے متعدد بہترین انفرادی کارکردگی دیکھنے میں آئی۔ عمیر بن یسف نے 153 رنز کی اننگز کھیلی اور مجموعی طور پر ون ڈے سیریز میں 275 رنز بنائے
اکیس سالہ مبصر خان نے آخری ون ڈے میں شاندار سنچری اسکور کی اس سیریز میں ان کے رنز کی تعداد 238 رہی۔

بولنگ میں عامر جمال نے چھ میچوں میں سولہ وکٹیں حاصل کیں جس میں ایک میچ میں پانچ وکٹوں کی عمدہ کارکردگی بھی شامل تھی۔ جبکہ شاہنواز دھانی نے تیرہ وکٹیں حاصل کیں۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Broadcast & Live Streaming Partners
Pathway Cricket Programme
PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4
pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial